Nizami Book Agency
BUDAUN. U. P. (India)

عنوان

الا

و ۹۷8ء

Mazhar Ashq
Mohammad Wazeer

ان من الشعر لحکمۃ

الٰہی شد کُران ایام فرخندہ فرجام میں دیوان فصاحت بنیان بلاغت توامان از تصانیف یار السلطان
آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر شمس جنگ عرف خواجہ اسد متخلص بہ قلق دیباچہ فرعیش مسمی بہ

مظہر عشق

کہ ارشد تلامذہ و اقرب اعزہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری نکتہ سنج بے نظیر
جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ العدیر سے میں

مطبع منشی نول کشور کانپور میں بھگوان دیال الخبیر نے چھاپا اور شائع کیا

عہ جز

اطلاع - اگرچہ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جس کی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے ملسکتی ہی جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم کرسکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی لیکن خاص اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادہ ہین ان مین بعض کتب کلیات و مثنویات اردو وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کلیات و دواوین اردو		کلیات صنعت-	۹ر۹ پائی
کلیات ظفر ہر چار جلد کامل - دو جلد مین-	عگار سہر	دیوان شاہ تراب-	۱۱ر۳ پائی
انتخاب کلیات ظفر-	۶ر	کلیات نظیر اکبر آبادی-	۶ر۶ پائی
کلیات مومن-	[illegible] پائی	کلیات وہبی- کاغذ سفید چکنا-	۹ر
دیوان ناسخ-	۱۲ر۹ پائی	دیوان ذوق-	سہر۳ پائی
کلیات آتش-	۸ر	دیوان فدا- جلد ثانی مسمے بریاض گلفشان	۷ر
کلیات نعتیہ مجید- مصنفہ مولوی عبدالمجید خان-	عہر	دیوان رند- مسمے بگلدستۂ عشق-	۶ر۹ پائی
کلیات امیر اللہ تسلیم-	۱۴ر	دیوان غال[illegible]	بہ وضاحت سہر۶ پائی
کلیات میر تقی-	عہر ۱۴ار	دیوان خاج[illegible]	۳ر
کلیات سودا-	عہر	دیوان بہار عرب-	۱ر۶ پائی
کلیات انشاء اللہ خان-	عہ	دیوان لطف-	۳ر
شاہد عشرت-	۶ پائی	دیوان امیر- موسوم بہ مرآۃ الغیب-	۱۱ر
سخن شعرا-	۱۵ار	دیوان غافل- منور خان صاحب-	۳ر
زبان ریختہ-	۶ پائی	دیوان مرغوب بہ بیان تصنیف تجمل حسین خانصاحب-	۸ر پ
قطعہ منتخب-	۳ر۳ پائی	دیوان نیاز-	۲ر

بعون صناع عالمین و مکان فضل خلاق زمین و زمن

از تصانیف یار السلطان آفتاب الدولہ مہر الملک خواجہ ارشد علیخان بہادر شمشیر جنگ عرف خواجہ اسد متخلص بہ قلق دیوان فصاحت بنیان دیباچہ دفتر عشق مسمی بہ

مظہر عشق

کہ ارشد تلامذہ و اقربا غرہ مہر سپہر سخنوری رشک ظہوری و انوری شاعر بے نظیر جناب خواجہ محمد وزیر صاحب لکھنوی متخلص بہ وزیر غفر اللہ القدیر سے ہین

مطبع منشی نولکشور مین بہ طبع زین مطبوع جہان چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قصیدہ در مدح ابو المنصور ناصر الدین سکندر جاہ خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان سلطان العالم محمد واجد علی شاہ بادشاہ اودھ اختر نگر غازی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

زبس ہے جوش نمو اندرون غنچہ رنگ بہار
ترٹپتی ہے رگ گل مثل نبض عاشق زار

ہوا بہار سے ہر رگ پتنگ رشک ہزار
نہال شمع بنی شاخ شعلہ لائی بار

زمین دور یہ ہوئی اندنو نمین باغ بہار
کہ شاخ گاؤ زمین سبز ہو کے لائی بار

نے ہیں صاف ہم آواز نگر خان عاشق
شکست رنگ کی آواز ہے ترانۂ یار

یہ عندلیب سے کہدے کوئی بہ مژدہ	سوار باد ہوئی بوے گل سلیمان وار
چمن مین گر کوئی بیدست و پا کو لے آئے	تو ہاتھ پانون ہون پیدا برنگ شاخ چنار
دکھا رہی ہے مسیحا کیطرح سے اعجاز	چمن مین قوت نشو و نماے فصل بہار
نکالے آنکھ جو بالفرض کوئی مجرم کی	یقین ہے پھر وہ نکل آئے چشم نرگس وار
ہزار نکلین پر و بال سعی نامیہ سے	عجب نہین ہے جو مرغ کباب ہو طیار
کلیم آئین چمن مین اگر پے گلگشت	یقین ہے ید بیضا سے نکلے بلبل وار
جو اشرفی ہے گل اشرفی تو زر ورد گل	بنی ہے رشک چمن ہر امیر کی سرکار
یہ سعی نامیہ سے ہوتے ہین ثمر پیدا	کہ قطرے شبنم تر کے ہین انار لے انار
زبس ہے قوت نشو و نما عجب کیا ہے	کہ گرمی انہ سے پیدا اگر ہو شاخ چنار
پڑھون وہ مطلع رنگین و عاشقانہ بہ	ہزار حسین کی کرے صف بلبل گلزار

مطلع ثانی

نہال قد پری سکو کرے فضل بہار	بلند ہو قد آدم اگر زمین سے غبار
دکھا رہی ہے یہ حد مین کثرت آج بہار	ریاض دہر مین ایک گل بنا گلزار

مطلع ثالث

وہ رعب و دبدبہ حضرت کا ہے وہ جاہ و جلال
کہ فیل مست ہی ہو ضعف سے ناچار
نگاہ قہر سے حضرت ملاحظہ جو کرین
تو جسم زہرہ کی فلک کا بنے بید مجنون وار
سوال سا علم و سخاوت وہ طبع عالی ہے
صدا جو نوجہ اقدس ہوئی ہے دریا وار
وہ اپنی کمال کا دکھلا دیا ہے حسن و کمال
کسی نے دیکھے نہ ہونگے طبیعت دار
سخن سرا جو ہوئی عندلیب طبع حضور
تو جیسے زاغ ہو مرغان چمن مین ہزار
[illegible]

ریاض دہر مین کی آپ نے یہ زربخشی — کہ اغنیا کی روش گل بھی ہو گئے زردار
بنی ہے رشک صدف اب فقیر کی کشتی — بھرے ہین دانۂ گندم کی جا در شہوار
چمن ہوا ہے زر گل سے گنج باد آورد — نثار ہی ہے گل اشرفی کو باد بہار
اُٹھا کے بار عنایات کو جو چل نہ سکا — اسی سبب سے خمیدہ ہے چرخ کجرفتار
لکھون صفت مین بھلا کیا عطا بیحد کی — شمار ہو نہ سکے جس کا تا بروز شمار
کرم سے شاہ کے ہے جام جم جو کاسۂ فقر — گدا کو شاہ کہا کرتے ہین صغار و کبار
کرم سے آپکے ادنی بھی ہو گئے اعلی — بنے ہین کرمک شبتاب کوکب سیار
گلیم پوش دو شالے بچھا کے سوتے ہین — جو تھے پیادے وہ اب ہو گئے ہین خیل سوار
ہوا ہے حکم معلے جو بہر بت شکنی — شکستہ لکھتے ہین لفظ بتا کو سب بیدار
جنیو پہنا برہمن نے تو ہلاک ہوا — بنا جنیو کا ہاتھ اُسکے واسطے زنار
لب پیالۂ ساقی ہے مائل توبہ — صدائے قلقل مینا ہے صاف استغفار
جو آپ حامی دین ہین تو ہے ہیبت شرع — چھپا ہے دانۂ سبحہ مین رشتۂ زنار
جم و سکندر و دارا و قیصر و فغفور — یہ کمترین غلام حضور ہین دو چار

[illegible]

[illegible]

قصیدہ در مدح ولیعہدی حضرت سلطان عالم و عالمیان
خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

[illegible]

چلے جو باد بہاری تو پھولون کے بھلے | فدا۔ گُلٹائے تصدق مین کوکب سیار
بس اب تو بانگو روک ای قلق ادب کر ادب | کہان تو اور کہان مدح شاہ عرش وقار
خدا کی شان ہی کیا خوب چھوٹا مُنھ بڑی بات | زبان رُوک ذرا سُن چکے ترے اشعار
ادا ے شکر کر اب تو کہ فضل سے اپنے | یہ تجھسے ہیچمدان کو دیا خدا نے وقار
کہ ایسا کامل و ذی مرتبہ ملا اُستاد | جہان کہ خسروِ ملکِ سخن مین باج گزار
ترا یہ مُنھ تھا کہ سلطان عالم و عادل | بنا مین سرِ مبارک سے خود ترے اشعار
خوشا نصیب و خوشا قسمت و خوشا طالع | کہ ہو حضور کے شاگردون مین ترا بھی شمار
اگر یونہی ہی چھنیے نگاہ مہرِ حضور | برنگ مہر چمک جائین گے ترے اشعار
حضور مین جو ارادہ ہو عرض حاجت کا | تو اضطراب یہ بیجا ترا ہی اور بیکار
تو دل مین سوچ تو ایسے سخی سے اور سوال | جہان کہ ابر سخاوت ہی روز گوہر بار
ہمارے خانۂ امید مین نہ آئے گی | کہان تلک قلق اس ابرِ فیض کی چھایا
اٹھا کے دستِ دعا سوئے قبلۂ حاجات | دعا مین مانگ یہ لیکے کہ ای مرے غفار
رواج عشق کا جبتک ہے زمانے مین | جہان مین گرم رہے تا کہ حسن کا بازار

مطلع ۵

[illegible]

رخ پرنور پہ منڈیل کا دیکھو جوبن
آسمانی ہی اگر اطلس ہی تو سورج کی کرن
قطع ہو جسکے پہ جامہ حریر شفق
تیغ قامت کو ہو درکار اگر پیراہن
شمع فانوس سے جسطرح نظر آتی ہی
یون عیان ہوتی ہی پوشاک سے تنویر بدن
تار ہر ایک کا ہی تار نظر [illegible] عکس کا
کامدانی کی عجب نور فشان ہی جھلکن
[illegible]

نور مین ہر شجر باغ ہی اک فرشی جھاڑ
بزم گلزار مین لالیکو کنول ہین روشن

جوش گل ہی یہ چمن مین خس و خاشاک مین گم
آشیان پھولونسے چھاتا ہی ہر اک مرغ چمن

بے سبب گل نہین تسخیر ہوے ہین شاید
عندلیبو نکے گلے مین ہی دعاے سوسن

ہر سحر کرتی ہی مشاطہ گری باد بہار
صرف آرائش و تزئین ہین عروسان چمن

کیا فقط روغنی شمع گل شببو ہی
چار سو سرو کے اک شاخ الگ ہین روشن

جسطرف دیکھو ہر اک رنگ مین ہین اُبٹے ست
بدھیان پھولونکی پہنے ہین جوانان چمن

غنچے ہین بلبلون کے ہر شجر گلشن پہ
شاخ مین جھولنے کو ڈالی ہی عشقے کی رسن

یہ ہوا چلتی ہی جان بخش عجب کیا ہی اگر
مرغ تصویر بھی پرواز کرے سوے چمن

وا ہوا غنچۂ دل دیکھکے اس موسم مین
بلبل طبع رسا نے یہ کیا مجھسے سخن

اب ولیعہد بہادر کی لکھو کچھ تعریف
ہو چکی ہو چکی رنگین سخنی مشق سخن

سنکے یہ نکتۂ دلچسپ ہوا جی محظوظ
شاہد طبع دکھانے لگا اپنا جوبن

نور آگین کیا اس رنگ کا مطلع موزون
جس سے شرمندہ ہوا مطلع صبح گلشن

مطلع ثانی

[illegible]

حسن گلون صبا و مرغ کہون کیا تعریف

ضیغم بیشۂ جرأت ہی یہ تیور ہین کڑے | شیر سے آنکھ ملائے تو جھکائے گردن

ایسے سردار نہ ہم پا مین اگر ڈھونڈھ پھرین | چین و روم و ختن و مصر و بدخشان و یمن

خلق مین وضع مین ہمت مین و تمکین مین نمود | کہین دنیا مین عدیل اسکا نہین مشفق من

بانکا پورا ہی ایسا جو کہے منہ سے کرے | محو دلسے رہے تا حاصل مطلب ہمہ تن

رفتار و زور طباع و متین و دانا | نکتہ بین و ہمہ دان قدر شناس ہر فن

وہ طبیعت ہی کہ اس فن مین ذکا کے آگے | طفل مکتب ہی ارسطو تو فلاطون کودن

حال ہمت کا بھی اس وقت ہر اک پر کھلجائے | گنج قارون اُسے ملجائے اگر مشفق من

گلشن نظم مین چہکے جو ذرا بلبل فکر | طرفہ دکھلائے بہار چمنستان سخن

زیور معنی رنگین سے عروس مضمون | یون سجے دم مین سجی جاتی ہی جسطرح دولھن

روزمرہ وہ کہا مان گئے اہل زبان | اصطلاحات پہ صدقے ہوئے ارباب سخن

نثر انشا جو کوئی کی تو پروئے موتی | زیب ہر کہیے کہ درج در مضمون ہی دہن

طبع دشوار پسند آئے جو دشواری پر | روح طغرا کی بھی سمجھے نہ ذرا مغز سخن

سہل اس رنگ سے لکھا کہ ہوا مشکل تر | چونک اُٹھا بلبل شیراز میان مدفن

مخمس ۷

کہا یہ قلقل مینا نے مجھ سے مستی مین
پیالہ ہاتھ سے رکھ کہ ادب سے عرض حضور

وہ کون یعنی کہ سلطان عالم و عادل
ملک سپاہ فلک قصر روکش فغفور

قوی ضعیف ہوے بسکہ عہد سلطانمین
بنائے باز کے چنگل مین آشیان عصفور

اگر پتنگ کا دھوکے سے ایک پر جلجائے
تو مارے خوف کے محفل سے شمع ہو کافور

کرم سے اپنے جسے چاہین تاج بخش کرین
پڑے جو سایہ بنے صورت ہما عصفور

نگاہ مہر عنایت سے رتبہ افزون ہو
جہانمین ذرہ ہر اک آفتاب ہو مشہور

جو آستین سے باہر ہو دست گوہر بار
وہان غبار یتیمی رخ گہر سے ہو دور

کرم سے شہ کے گدا بھی ہے شاہ کہلاتا
کہ پانون توڑ کے بیٹھا تو ہو گیا تیمور

اٹھا کے ہاتھ دعا مانگ اے قلق دلسے
دکھایا صبح اجابت نے چہرۂ پُرنور

خدا کے فضل سے تا ہے در اجابت باز
دعا قبول کرے جبتلک کہ رب غفور

رہے زمین پہ جب تک کہ آسمان قائم
ہمیشہ ماہ کو تا آفتاب بخشے نور

ہمارا شاہ شہنشاہ ہفت کشور ہو
رکاب چومے سدا روح قیصر و فغفور

در تہنیت عید الضحیٰ

اقدام پہ ملک شاہ کے ہر دم جھکا ہے
گلچین باغ عیش ہمیشہ یہان حضور
دامن کی مراد و دل سے بھرا ہے
ہر دم دعا کے اوج پہ ازدیاد جاہ
[illegible]

[illegible]

عاشق کی طرح سے در قصر حضور پر
بستر بہار عیش و طرب کا لگا رہے
ہر دم دعا ہو عابد شب زندہ دار کا
یارب فلک پہ روز مصلا بچھا رہے
[illegible]

گردش سے چشم مست شہ خوش نگاہ کی	دل دلبرون کا صورت سرمہ پسا رہے
سودا فزون ہو اُلفت مژگان شاہ کا	کھٹکا یہ میرے گلشن دل مین لگا رہے
اہر ظل حق ہما کی سعادت ہو وہ اگر	محتاج کسب سایۂ نعلین کا رہے
حاتم کی روح کی یہ صدا ہو کہ اے کریم	تاحشر اس سخی کا در فیض وا رہے
بادام چشم و سیب زنخدان حضور کا	عاشق کے درد دل کی ہمیشہ دوا رہے
اس نونہال باغ تمنائے خلق کی	ہر دم ریاض دہر مین نشو و نما رہے
یارب نہال عیش شہنشاہ کا مرے	گلزار روزگار مین پھولا پھلا رہے
نیسان کی طرح دامن امید خلق پر	دُربار ابر رحمت جود و سخا رہے
بھرتی ہے میرے آگے ہوا خواہی نکادم	یا مین ہی اس چمن مین رہون یا صبا رہے
بوسہ اگر ملے لب میگون کا آپ کے	بنت عنب کو ہوش نہ باقی ذرا رہے
دریا دلی شہ کا بڑھے روز اوج موج	جوش و خروش قلزم جود و عطا رہے
سونگھے کبھی جو نکہت زلف حضور کو	ہر دم دماغ سنبل گلشن بسا رہے
لین اس گل عذار سے گل دام رنگ روپ	طوطی خط سبز سدا بولتا رہے

[illegible]

مخمس ۹

[illegible]

در مدح یاد بہاری مبارک

[illegible]
گلستان کو باد بہار جب سواری کی چلی
[illegible]
باغ جنت کی یہی کلی
[illegible]
عجب یہ حال باد بہاری کی تھی
[illegible]

در تہنیت عید

خدیو جہان شاہ عالم پناہ
ثریا وقار و فلک بارگاہ
بہار گلستان ہندوستان
جہان پرور و جان ہندوستان
مہ برج شوکت در درج جاہ
گل باغ اقبال خاقان کلاہ
فریدون وقار و سلیمان حشم
ہمایون [illegible] دارا حشم
در بحر بخشش یم و عدل و داد
خدا ترس احسان رسان خوش نہاد
حسین و متین و ذہین و ذکی
خلیق و سخی و غیور و متقی
کہ سلطان عالم ہے جن کا لقب
جو ہے جلوہ [illegible] سے عالی نسب
بھی اس قدر ہے وہ عالی نسب

رکاب سعادت مین کچھ کچھ خواص	چنبیلی ہست چارون غلامان خاص
قلق اور برق و بتول و اسیر	کہ جن کا نہین چار حد مین نظیر
سلیمان سوار ہوا دار تھا	جلو ریز ہر ایک ہوا دار تھا
کہین مجمع خوبرویان شہر	چننده جو تھے سب مین اور جان شہر
تماشائیون کا وہ ہر سو ہجوم	وہ چارون طرف آمد آمد کی دھوم
زہے حسن سلطان عالم پناہ	ٹھہرتی نہ تھی جب پہ ہرگز نگاہ
سمن بو صنوبر قد و گلبدن	وہ زیب بدن سوسنی پیرہن
نیا رنگ پوشاک لائی قلق	بہار گل سوسن آئی قلق
وہ چتون کہ غارتگر جان و دل	وہ آنکھین کہ نرگس بھی جن سے خجل
وہ تیور کہ شیرون کا زہرہ ہو آب	وہ صولت کہ تھرائے افراسیاب
لیے عاشقان قبلہ و کج کلاہ	سنانون سے افزون وہ ترچھی نگاہ
جو کی تیغ ابرو نے سلطان کی دید	حسین ہو گئے کربلا مین شہید
الٰہی سلامت رہین تا ابد	نہ پہونچے قیامت تلک چشم بد

[illegible]

نصف النہار [illegible]
[illegible]
سلیمان [illegible] سلطان [illegible]
حسن [illegible] مرح [illegible]
قلق [illegible]

[illegible]
خدا اس سلطان [illegible] سلامت [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(ردیف الف)

تو وہ خورشید ہی گردون یکتائی و وحدت کا
دو عالم ایک مطلع ہی ترے دیوان قدرت کا

عوض طاعت کے یہ عاصی نہین مشتاق جنت کا
مجھے منظور ہی احسان لینا تیری رحمت کا

ہمیشہ رند مشرب جام ترا بھرتے ہین ساقی
رہے آباد مجمع اس خرابات محبت کا

گرو نگار و زپرسش عرض گستاخانہ آتی تو
گنہگاری کا باعث تھا مجھ سا تیری رحمت کا

تو وہ ہی نخلبند گلشن ایجاد ای صانع
ریاض دہر گلدستہ ہی تیرے باغ صنعت کا

کریگا حشر مین ہم عاصیون کو سرخرو تو ہی
ترے محبوب نے بیڑا اُٹھایا ہی شفاعت کا

ریاض دہر مین سب تیری یکتائی کے شاہد ہین
ہر اک شمشاد پر عالم ہی انگشت شہادت کا

[illegible] میں کام آیا داغ آخر تری الفت کا

ادا اس مہر سے ہم کو [illegible] جرأت کا

[illegible] حسن و ملاحت کا

[illegible] الفت کا

[illegible] و شفاعت کا

[illegible] ہنگامہ قیامت کا

[illegible] زینت اور نگار عالم ہے

تجلّی عارض رنگیں [illegible] بہار آفرینش ہے

کہ وہ ہی نقش اول خامۂ بہزاد قدرت کا

[illegible] قدرت کا

[illegible] زیارت کا

[illegible] دین و ملت کا

[illegible] امام رضا عنت کا

[illegible]

تو اپنے نقد طاعت پر غرور اتنا نکر زاہد

وہ کم مایہ ہو نہیں روز جزا مرغ عمل میرا

اڑا اکرتا ہو جو شرم سیہ کاری سے یہ مجرم

اگر ہو جائے قفس فریقے سے تو توکل کے

نہیں جز انفعال جرم کچھ پایان مال دنیا سے

عرق نے انفعال جرم کے طوفان اُٹھائے ہیں

عجب کیا گر ہو جوش انفعال جرم اسد جبہ

ہری ہو جائیگی کشت امید معصیت ان کا ن

عجب کیا ہو وہ شاداب و سند آب رحمت سے

طمع بھی کیا بری شے ہے کہ مشل ماہ چند ہیں

رہو نگا جلوۂ دیدار سے محو قیامت تک

نہیں ہے قاضی و وزیر اشتاق رشوت کا

بنے گا صید شاہین ترازوے قیامت کا

مرا رخ آشیان ہے طائر رنگ ندامت کا

مزا ہو سو کھے ٹکڑوں میں بھی پید نان نعمت کا

ہمارے بعد وارث پائینگے ترکہ ندامت کا

فلک بھی ایک شیشہ ہے مرے آب خجالت کا

ڈبو دے کشتی تن کو مرے دریا ندامت کا

اگر پڑ جائیگا چھینٹا کوئی باران رحمت کا

جو کشت تجربہ میں تو بوے تخم اشک ندامت کا

گھٹا دیتا ہے عزت کو بڑھانا دست حاجت کا

کیا ماہ تجلّی نے کتان ملبوس طاقت کا

قلق دیو طمع کو اکدن ہم پچھاڑیں گے

ہمیں ہے آزما نازور بازوے قناعت کا

[illegible]

بند ۱۳

ہوا مسجود افلاک آستانہ کسکا جز تیرے
فرشتہ کو نسے در پر ہوا محتاج اجازت کا

نہاں ہو عیب میں اُسکے ہی یہ مرزینت افروزی
ترا سایہ بنا ہی سرمہ چشم حور جنت کا

لیا عہد نجات نار حق نے وقت رحلت بھی
ہوا کوئی نبی ایسا نہ دلسوز اپنی اُمت کا

کروںگا زیر تیری پیروی سے نفس سرکش کو
ہی نقش پائے قدس یکہ بازوئے حمایت کا

کھینگی دیکھکر نقش قدم کو آپکے حورین
ستارا آجکل چمکا ہوا ہی صبح جنت کا

دعائے مغفرت کی اسلیئے تا زیست امروز کو
بہت تھا پاس اُسکو آبروریزی اُمت کا

مین اُسکی خاک پا کو توطیا چشم کرتا ہون
نظر آتا ہی جسدم کوئی زائر تیری تربت کا

عطا کس پیار سے فرمایا مرحوم خطاب اسکو
خدا نے مرتبہ ایسا کیا ہی کسکی اُمت کا

زمین بوسی درگاہ معلیٰ کا شرف دیکھو
فلک کو مرتبہ حاصل ہی کس اوج و رفعت کا

قلق یہ آرزو ہی چشم مشتاق زیارت کو
کہ ہو مرغ نگہ پروانہ اُس کی شمع تربت کا

ہوا آغاز و انجام اسطرح سے نظم خلقت کا
نبی مقطع رسالت کا علی مطلع امامت کا

ہوا بیت الحرم مشرق ترے نور جلاوت کا
تو ہی مصراع اول مطلع صبح امامت کا

[illegible]

عجب کیا ہے مغنی جن میں طرز اعجاز مسیحائی
طریقہ ہو نہ الاہیم میکش کی طریقت کا
سلیمان حلقت سنت عزیز عقد جاری ہے
سبق پہلے دیا تھا ابجد و اب محبت کا
دبستان ازل میں اوستاد عشق نے مجھکو
گلستان ہی خندہ گل ہے صدا کون خلقت کا
بہار باغ عالم بے ثبات ایسی ہی اے بلبل
[illegible] عبرت کا

نگین کی آبرو بس نام کے باعث سے ہوتی ہے
زمین سے تا فلک روشن ہی قدر و منزلت اُسکی
کبھی اعدام سے خورشید کے رعشہ نہیں جاتا

ترا کب فخر امامت سے ہی تو ہی فخر امامت کا
بلا شک شیر اعظم علی رض ہی برج عظمت کا
اثر باقی ہی ابتک شیر حق کے رعب و صولت کا

مقرر میرا شمع بزم دین تشریف لائے گا
قلق مجکو نہیں ہی خوف تاریکی تربت کا

رگ و پے میں بھرا ہی سے شور اُسکی محبت کا
بنا نیسے مرے بگڑا یہ رنگ انکی طبیعت کا
خریداری جنس حسن پر رغبت دلاتا ہی
صدا سے آہ ہی مضطرب غم کی چھیڑ سے پیدا
جو وقت قتل اُسکے لعل شیرین کا پڑا پر تو
ہوا یہ دل نہ جب سیرا تو پھر کیا اور کا ہوگا
زمانے کو تو میرے واسطے ان سب نے چھوڑا ہی
عبث آسودگان خاک کو بدخواب کرتے ہو

نمک پروردہ ہون میں یار کے حسن و ملاحت کا
مجھی سے ہی پریزادونکو دعوے آدمیت کا
بنا ہی شوق دل و لال ہا زار محبت کا
دل ثالان نیا پردہ ہی قانون محبت کا
پلایا آب تیغ یار نے شربت شہادت کا
بھروسہ کیجیو تم بھی نہ ایسے بیمروت کا
نہون کسطرح میں ممنون دروغ و محنت کا
ابھی سے کیون مچا رکھا ہی ہنگامہ قیامت کا

[illegible]

کھلا ہی آبیاری سے کشتِ غم سے سینے مین	مرے گلشن مین لالہ نام ہی داغِ محبت کا
وفورِ ضعف ہی قسمت کی شب کیا چین سے سونا	تنِ لاغر مرا تنکا ہی چشمِ خواب راحت کا
مے ابروکمانکے عشق نے یہ نام رکھوائے	دلِ ناشاد تو دا بن گیا تیرِ ملامت کا
سوائے شورِ قلقل مست کب سنتے ہین واعظ کی	بھرا ہی پنبہ مینا سے پرہ گوشِ غفلت کا
وہ دیوانہ ہون سر پاؤن مین جب بیڑیان ڈالین	تو کوہِ قاف مین گوندا گیا پورا نے منت کا
بتاتے سامری کو سحر برسون نرگسِ جادو	ترے ہونٹھون سے عیسیٰ سیکھ لین پیشہ طبابت کا
غنی ہونے پہ بھی عیبِ طمع جاتا نہین ہرگز	دلِ اہلِ ہوس پیوند ہی دامانِ دولت کا
ہوا ہی رنگ ہنا یادِ رخ مین باعثِ تزیین	لگا ہی خانۂ دل مین مرے آئینہ حیرت کا
دلِ شیدا مین جب اس حور وش کا دھیان آئیگا	ہر اک چاک جگر ہوگا دریچہ قصرِ جنت کا
بجائے فاتحہ ہر دم وہ یہ آکے کہتے ہین	ق ہماری قبر پہ تعویذ ہی سنگِ ملامت کا

قلق ملتا ہی لطفِ حق پرستی بت پرستی مین
نہین عشقِ مجازی کام ہر اک بے حقیقت کا

تھا قصد قتلِ غیر مگر مین طلب ہوا	جلاد مہربان ہوا کیا سبب ہوا

۱۵

خلوت نازِ بتان مین کب گذر ہو آہ کا
تو جو چاہے خاک کردے ساتھ گیتی کھیل ہے
شانِ بے نیازی حاجب بزم مزاجِ حسن ہے
اجتک فیصل ہوا جھگڑا کتان و ماہ کا
کیا دلِ صد چاک کو اس مہ نے آئینہ کیا
جب کیا نعرہ جنون مین نے الا اللہ کا
جاگ اُٹھے خواب عدم سے خفتگان زیرِ خاک
کیا ملا دل توڑ کر اک بندۂ اللہ کا
جور پر اغیار سے کی سخت گوئی [illegible]
عالم لاہوت ہے صحن اُسکی بازی گاہ کا
کون نہ ہو سالک پہونچا وہان فنا فی اللہ ہو

ہے فلک بھی اک کم دعا تری بارگاہ کا
ہر دگر دون زمین سمایا سفر عشق و ذوق
جو بھٹا اربع عناصر سے بنا اس چاہ کا
جب وہ بھاگے پانی کی ہوئے کالا کھون نمایان
بنگیا بیدان عقل صحن سب درگاہ کا
یاد مین اک نورِ آگین سے یہ جلتا ہی جگر

گر ای بتو تمھاری کرامات دیکھ لے		شیخ حرم مرید ہو پیر کنشت کا
خورشید روز حشر بنے صورتِ ہلال		سایہ اگر پڑے دلِ ظلمت سرشت کا
آیا نہ دام مین ترا دیوانہ ای پری		کوئی چلا فریب نہ حورِ بہشت کا
پامال ہوگئے یار کی رفتار ناز سے		مضمون کھلا یہ آج خطِ سرنوشت کا
سنگ الم سے ٹوٹا دل اس بادہ خوار کا		اُٹھا نہ بوجھ اپنے سر خم سے خشت کا
یاد فروغ رخ تری ای غیرت قمر		ہی نور دیدہ دلِ ظلمت سرشت کا
دیکھا وہان بھی تجکو جو پہنے ہوے حریر		زاہد اُتار لونگا مین حلہ بہشت کا
مجھسے سیہ کار کا ہنگام بازپرس	ق	کاغذ کرینگے پیش جو اعمال زشت کا
اتنا کہونگا کاتبِ اعمال سے ضرور		کیجیے مقابلہ تو خطِ سرنوشت کا

شیدا قلق ہین ایک بتِ شمع رو پہ ہم
پروانہ اپنا دل ہی چراغ کنشت کا

بلغ دیوان مین ہی موزون وصف پاک اللہ کا	آشیان ہر دائرہ ہی مرغ بسم اللہ کا
مرتبہ ہو یہ ترے دیوانۂ ذیجاہ کا	کشور وحشت مین ہی ہمراہ ڈنکا آہ کا

۱۶

جب مرا بیٹھا ہو رجان ہو دو [illegible] آہ کا
زینہ جو ہو سن و ما با مراجابت ہو [illegible]
دیکھ سب پابوس نہ ہو [illegible] راہ کا
اہل بت کا فرقہ سودا ہو [illegible]
وال و نبا ملے ری ہی [illegible] ہی دل [illegible] قلق
[illegible]

حلہ بازی [illegible]
شدہ ہین اک [illegible]
[illegible]

شیدا

[illegible]

ہو ثواب اس بتکدہ مین حج بیت اللہ کا	کر طواف اپنے دل مجروح کا تا اگر
آبلون سے ناز اٹھیگا بس نہ خار راہ کا	محو مژگان ہین بہت نا کفر راہی دشت عشق
روز اول سے عدو شعلہ ہی برگ کاہ کا	آتش عشق اس تن لاغر کی دشمن کیون نہو
قلقل مینا ہی نعرہ قم باذن اللہ کا	مردہ دل مخمور کو جانبخش ہی عیسی کیطرح
غل ہوا در پر جو بسم اللہ بسم اللہ کا	اپنے قاتل کی ہین آمد سنکے بسمل ہو گیا
وہ بھی بٹا کاٹ لیتے ہین زر تنخواہ کا	گنتی کے بوسے جو دیکر ہونٹھ کاٹا سمجھے ہم
رعب قاتل سا ہو گا رعب نادر شاہ کا	عرض شوق قتل کی جرات نہین پڑتی مجھے
ہو گیا ٹھنڈا یہ سیپارہ کلام اللہ کا	تخت گرم دل مین پر گر پڑا اشکو نکے ساتھ
فتنۂ محشر لقب ہی قامت کوتاہ کا	انکھیون مین آشوب عالم ہی براز لف سیاہ
روز ہوتا ہی تنزل اک ترقی خواہ کا	کسقدر اندھیر ہی اس ماہ کی سرکار مین

۴

عشق خط مین لاغر ایسا ہون کہ مجکو ہی قلق
کو دسے بھی ہی زیادہ بوجھ برگ کاہ کا

ہی موج بحر رحمت نام اس تیغ حجازی کا	خضر ہی اپنا قاتل بجہ عشق مجازی کا

۱۷

[illegible]

وحشت سے عیب مستی عصیاں ڈھنکے مرے
ہر داغ دل کے جام کا سرپوش ہوگیا

رخصت میں گفتگو جو شب وصل اُسنے کی
شمع سحر کی طرح میں خاموش ہوگیا

جھک کر ملے جو عید کو اُس شاہ ماہ سے
ہالہ ہمارا حلقۂ آغوش ہوگیا

گیسو بکھر ملائے آنکھ کہ کیفِ شراب حسن
ساقی کے جام چشم کا سرپوش ہوگیا

اُلفت میں چشم مست کے خود رفتہ دل ہوا
کم ظرف ایک جام میں بیہوش ہوگیا

زاہد جو داغ بڑھ گئے سودائے زلف کے
کعبہ ہمارے دل کا سیہ پوش ہوگیا

خط شعاع موج خرام آپ کی بنی
خورشید ہر ستارۂ پاپوش ہوگیا

قاتل نے سر اُتار اتقاضے سے ہوکے تنگ
گذرا اُسے گران میں سبکدوش ہوگیا

کی زیب کفش تو جو میں جان اُسمیں آگئی
وہ پاؤں روح قالبِ پاپوش ہوگیا

جوبن نکالا یار نے دل غش ہوا مرا
اُسنے سنبھالا ہوش میں بیہوش ہوگیا

زر میں کے وقت دیکھکے نور عذار صاف
خجلت سے گھر میں آئنہ روپوش ہوگیا

تیغ نگاہ قاتل خود بیں کی مُنہ کے دھاک
آئینہ جوہروں سے زرہ پوش ہوگیا

باندھی ہوا یہ چرب زبانی نے یار کی
شب کو چراغ بزم بھی خاموش ہوگیا

مخمس ۱۰

۱۹

جگہ یہ عشق خال گوشۂ ابروئے بابُی ہی
یہ ثابت ہی مری لیلی کے سیارے بھی مجنون مین
وہ مجنون ہین پس گ آئے وہ تو رشک کے مارے
نہ کر حسن دو ہفتہ پر غرور اے ساقی مہوش

سویدا بنگیا ہی سنگ اسود کعبۂ دلکا
نہین ہی ہالۂ ماہ یہ مین ہی حلقہ سلاسل کا
غبار اُٹھکر بنے پردہ مری محمل کے محمل کا
چھلکتا جاتا ہی اک ہی شب مین ساغر ماہ کامل کا

قلق ہوتی ہی آسانی سے جانبازو نکی حل مشکل
حقیقت مین بہت ہی دم غنیمت تیغ قاتل کا

فسونگر حسن عارض ہی مرے زہرہ شمائل کا
نہین کم ظلم سے لہو لعب بھی بچۂ قاتل کا
اُٹھایا جب دُوئی کا اتحاد عشق نے پردہ
شبیہ اس کشتۂ دیدار کی تو کھینچنا اُسپر
دم قتل اُسکی بے آبی نے میری آبرو رکھلی
نہ کیونکر بازی طفلانہ قاتل یہ دم بھر کے
بڑا چھلکا کمند لعب کا ابکی اُٹھایا ہی

گمان خط زنخدان پر ہی دو دو چاہ بابل کا
ہوا کرتا ہی جیسا اُسکے گھر مین رقص بسمل کا
تو عالم چشم مجنون مین ہوا لیلی کے محمل کا
مصور گر ورق پا آ بیاض چشم بسمل کا
نہ مین شرمندۂ احسان ہوا شمشیر قاتل کا
ہوا ہی یک کھیل اُسکو تماشا رقص بسمل کا
بہت مشکل ہی بچنا اس بلائے بے مرے دلکا

گھل گھل کے شمع بزم جو یون ہو رہی ہی تمام
کی ضعف اربونسے مری نازنین نے جان
اُس سرو رشک گل نے مین منھ اگنی دکھائے
اظہار عشق رنگ رخ زرد نے کیا
ہو گی قضائے عمر کی دوا اپنی زیر تیغ
عرفان دلکی کشمکش اس دام مین رہے
نالان ہی ایک طفل مغنی کے ہاتھ سے
کیا کیا کیے ہین شوخ تلون مزاج خلق
بحر جہا نمین اپنی بقا ہی حباب وار
عیسی و خضر بھرتے ہین دم نیست کا عبث
مخصوص یار غمزہ و عشوہ ہی کچھ نہین
عشق بتان نزع مین توبہ کا دھیان کر
پیدا تو کوئی اپنی حقیقت کے قلق

پرچھاوان پڑگیا ہی کسی دلگداز کا
انداز نے بھی ساتھ دیا اُنکے ناز کا
حائل اگر نہ بیچ مین پردہ ہو ساز کا
بندے پہ اہتمام ہی افشائے راز کا
آیا ہی آج وقت ہماری نماز کا
کوتاہ حوصلہ نہو زلف دراز کا
دامان دل بھی کیا کوئی پردہ ہی ساز کا
نیرنگ دیکھتی ہی مے رنگ ساز کا
ہو نقش آب نام ہمارے جہاز کا
دیکھا ہی نہین ہی منھ تری شمشیر ناز کا
رکھتا ہو اُس سے ناز بھی دعوی نیاز کا
ہنگام اقتضا رہی وقت احتراز کا
دعوے کچھ ایسا سہل ہی عشق مجاز کا

ساقیا تھوڑیسی مے دے ہے نہیں کچھ سوجھتا
رونے سے رونے پہ جیسے بھی میں وہ ہون اسیر
اُس شہ خوبی کے داغ عشق سے خالی ہے کون
حلقۂ گیسو کو اُسکے پھانسنا منظور ہے
دل کیا آباد ہمنے داغہاے عشق سے
بت پرستی چھوڑ کر اب حق پرستی کیجیے
وقت میخواری جو وہ صیاد یاد آیا مجھے

کس طرح بے نشہ کی ہمنے پچھوں خط جام کا
چشم گریان بنگیا ہر ایک حلقہ دام کا
دلمین سکہ جاری ہے اُسکے نام کا
پڑ رہا ہے ڈورا مرغ دل پہ چشم دام کا
گنج ڈالا اس خزانے مین محلے نام کا
ہے کہنا کہا تک نفس نافرجام کا
پڑ گیا پھندا گلے مین موج مے کے دام کا

سوز غم سے اے قلق رونا مجھے یاد آگیا
آ جب ٹپکا کوئی آنسو کباب جام کا

یاد و بار روتے ہمیشہ اُس بت چالاک کا
کیا مہک سے بس گیا سارا مکان ہے گلبدن
سامنا رہتے ہیں جاسے سکشی کے رات دن
عشق میں یکجو ہیں دونوں برابر ہیں مجھے

سرمہ چشم ستم میں ہو یا رب ہماری خاک کا
غنچہ چٹکا یا کھلا بقچہ تری پوشاک کا
سایبان کمر میں ہو بھی وابستہ ناک کا
شام وصلت کی خوشی غم صبح وحشت ناک کا

بحر ۲۱ عمیق

ہون وہ بیکش گر گئی نظر انیسے عشق ہو
سایہ پہنا ہون سایہ دار بست تاک کا

مین وہ بیکش ہون کہ ہی مجکو بھی مین شراب
شیشہ بھی ہی مین نشہ تاک کا ہوتا نہین

ابر سے بڑھ کے پیاسا ہی مین نے شرہ تاک کا
تیرے بن مجکو ہی خنجر سفاک کا

ایکدم اپنا گلوے سایہ آب خنجر بیاد نے صدا
پڑا تھا کیا قطرہ کوچہ میں خاک کا

آہ ہی ہی یہ کب گور غربیان مین خاک کا
بو جو حسرت خاک ہی ہی بہار گلشن مین خاک کا

ہون وہ مست انگور آئی جام بند ہے جاہی
بیر ساقی جو تجھ پہ دار مٹ جو برگ تاک کا

ای اجل پھر جا ابھی امید وصل یار ہی
اور رستہ دیکھ تو نہین گردش افلاک کا

صبر کا ہی مین جان اپنی نظر آتی نہین
آج تو دم ہی چشم حلقہ فتراک کا

پڑ گئے تو ہی تب اس سا کی نخل تاک کا
ہو گیا حسرت ہی پھول عشق کا

سر کی مجکو ہب یا ایک مرحبا

اب مین سمجھا ہے سبب دریا پہ کب جاتے ہو روز	تم بھی چھینٹا کھا گئے شاید کسی پر اک کا

آخرے اُٹھتے ہین کیا کیا ہی قلق حمام مین
یار پر سیل طبیعت دیکھ کر دلاک کا

ہی وہ مسکن آپ کے دیوانہ بیباک کا
اک بگولا ہی فلاک جس دشت وحشتناک کا

مٹ گئے پھر بھی ہی باقی شوق دیدہ دیوار
چشم پر حسرت ہی ہر ذرہ ہماری خاک کا

سچ تو ہی نشہ مین کیا ہی سوجھتی ہی دور کی
نام پر دھوکھا ہو خشت خم افلاک کا

دشت غم مین اٹ رہتا ہو کیون جگر مجھے
کیا مین جو رہا ہون مہد گردش افلاک کا

اوج پر اسدرجہ سیلاب سرشک گرم ہی
برق اک موجہ ہی بحر اشک آتشناک کا

سایہ گلگشت مین بھی ہی ادب مد نظر
پھول آنکھون سے اُٹھا لیتا ہون نخل تاک کا

خال کا بوسہ دیا تو چشم میگون پھیر لی
نشا اترا مرگ کا نشا چڑھ گیا تریاک کا

دیکھکر جانبازون کا مجمع سہتاد نگاہ مین
حسرت دل تک ہی ہر منھ بت سفاک کا

زور دکھلایا اثر جذب دل نخچیر نے
بڑھ گیا حلقہ کمند آسا تری فتراک کا

دیکھنا کیا فیض صحبت ہی لب جانبخش کا
نام ہی جو بت حیات اُس شوخ کی مسواک کا

عشق میں بھی دلال ہی کیا حسن سے بازار کا

[illegible]

یہ تمنا ہی لبِ جانبخش ہو گر کوئی تیر
روکے حبِ بوسے چھانکا ہی پری میں ہنس ٹھا
خو نسے تر ہر دم رہا کرتا ہی او خونریز خلق

لون دہان زخم سے بوسہ لبِ سوفار کا
کیا اثر دیوار مین ہی قہقہہ دیوار کا
زخم دامن دار کیا رومال ہی تلوار کا

رات دن کن گردشون مین اپنی کٹتے ہین فلق
انقلابِ دھر ہی پھر نا نگاہ یار کا

گر پڑی بجلی تو ذکر آیا ترے رخسار کا
بل جو پڑ جائے سراسر نقص ہی تلوار کا
حکم جنت مین تو جانیکا نہین شیطانکو
تیغ عریان پر پڑا جو اُس رُو ہنداکا عکس
ہڈیونسے میری نفرت تھی ہمانے تیغ کو
اسلیے ہر دم عرق افشان جبینِ یار ہی
او شکر لب تیرے عرق آلودہ عارض پر نہین
جو خریداری کو آیا جل گیا ای برقِ حسن

چل گئی تلوار جب چرچا کیا رفتار کا
حُسن ہی توری سے افزون ابروِ خمدار کا
کوے جانا نمین ہی یارب دخل کیسے اغیار کا
موجۂ آب گہر جوہر بنا تلوار کا
استخوان تک پہونچی جب منہ پھر گیا تلوار کا
تا بھڑک جائے نہ شعلہ آتشِ رخسار کا
پی رہا ہو رس شکر خوار اگل رخسار کا
آجکل شہرہ ہی تیری گرمیِ بازار کا

۳۳ [illegible]

اوجب کا فریب نہ ہو [illegible] کا
[illegible]

لاکھ پردون میں عیان ہوتا ہی جلوا اون کا
مہر خورشید چھپانے سے وہ کب چھپتے ہین
[illegible]

شب کو کہتے ہین اُسے ماہ تو دن کو خورشید
اُسکے شرمانیسے ظاہر ہوا عشقِ پنہان
کی ہی جس مُنھ سے صفت اُس سے بُرا کیا کہیے

رو و نیرنگ یہ کھلاتا ہی نقشا اُن کا
اسقدر پردہ کیا کھُل گیا پردا اُن کا
دہن زخم سے کچھ کیجیے شکوا اُن کا

ای قلق گو نہ کہین ملین سمجھتے ہین وہ خوب
میری اُلفت سے ہوا خلق مین شہرا اُن کا

وصل سے افزون مین شیدا ہو گیا
مر گئے تو مٹ گیا وہ شور و شر
رہتی ہی دل مین گرے یادِ بتان
مر گیا سن کر صدا قلقل کی مین
ہون وہ مجرم جب اُٹھائے مین نے ہاتھ
بندہ درگاہ کو کرکے شہید
اہل دنیا بھولے ہین اللہ کو
او شکر لب کیا لگا یا دانت پر

درد دل درمان سے دونا ہو گیا
سو گئے ہم شہر سونا ہو گیا
کعبۂ دل بھی شوالا ہو گیا
ہجر مین شیشہ تنچا ہو گیا
باب توبہ دفعتہً وا ہو گیا
نیچہ قاتل کا دونا ہو گیا
ہر کوئی بندے کا بندا ہو گیا
نیچہ جو مُنھ پہ میٹھا ہو گیا

[illegible]

یک بیک خندۂ افروز سے نکل آئے اشک — وائے تقدیر کہ ہنسنے مین بھی رونا نہ گیا
لن ترانی کا مزا پوچھتا موسیٰ سے کوئی — ارنی کہتے تو کہہ بیٹھے پہ دیکھا نہ گیا

خط تو قاصد کو دیا لکھ کے ولیکن مجھسے
ای قلق گھر کا پتا اُس کے بتایا نہ گیا

تجھسے گلزار جو ای بلبل نالان چھوٹا — اس دل افگار سے بھی کوچۂ جانان چھوٹا
تھا گرفتار وہ ہر روز نگہبانی مین — اک گھڑی ٹلتے ہی سو رنج سے دربان چھوٹا
مژدہ ای دل کہ بس اب اپنی اجل آ پہونچی — حسرت ای جان کہ ہمسے در جانان چھوٹا
حشر کو ہونگا مین ای دست جنون دامنگیر — چاک کرنے مین جو اک تار گریبان چھوٹا
گھر سے نکلو نہ مری جان کہ ہم سنتے ہین — ہوا دو کوڑی کا جب گل سے گلستان چھوٹا
پھر کسی دام مین ہرگز نہ پھنسے گا دل زار — تیرے پھندے سے جو ای زلف پریشان چھوٹا
جیتے جی ساتھ نہ چھوٹا تو پس مرگ ای شوخ — خاک سے بھی نہ ترا گوشۂ دامان چھوٹا
غل مچا آگ لگی آگ لگی آگ لگی — کیا کسی داغ سے پھاہا دل سوزان چھوٹا
غیرت و شرم و حیا ہے چھپی تیرے لیے — تجھسے اک لکا جلانا نہ مری جان چھوٹا

۲۵ مخمس

[illegible]

پروانہ وار پھرتی ہے گرد بزم مین
اگر سین گے چاک گریبان مرا مسیح
نکلا پئے شکار جو وہ شہسوار ناز
لکھے ہین ہمنے وصف خط سبز یار کے
یارو بتو نکی سنگدلی کا ہو نہین شہید
پتھرائین آنکھین اُسکی اگو ہو جوبے مثال
دریا مین چھینٹے جب کہ دو مطرب پسر
پرتو پڑے جو اُس بت قاتل کے چہرے کا

ہوتا نہ عذر شمع کو گر پا سے لنگ کا
دیوانہ ہو نہین حسن بتانِ فرنگ کا
ہر صید شیفتہ ہوا زین خدنگ کا
جو دائرہ ہو نامے مین ساغر ہو بنگ کا
تعویذ چاہیے مری تربت پہ سنگ کا
عارض ترا ہو نور کا آئینہ سنگ کا
جام حباب جام بنا جلترنگ کا
عالم ہو آب تیغ مین بھی آب گنگ کا

۴۰

دیکھا جو ساتھ قافلۂ اشک کے قلق
دھوکا ہوا مجھے دل نالان پہ زنگ کا

زلف و رخ کی عاشقونکو فکر صبح و شام کیا
اپنی مستی مگی ہمکو دوئی سے کام کیا
خود فروشی پہ ہو معروف اب سیر انجام کیا

رند مشرب ہین ہمارا کفر کیا اسلام کا
ہو اتا المحبوب البسہ پہ نامہ و پیغام کا
ہو متاع حسن کا منظور آسیئے نیلام کا

۲۶

برنگ شمع روشن ہو گئی ہر موج مے ساقی
پڑا پرتو جو ساغر میں حنائی رنگ گلگون کا

سے زنگ ہوگیا ہے مشک و نکہت سنبل
کہ ہو نہیں سو گھنے والا شمیم زلف شبگوں کا

لکھی ہے جو غزل وصف دہان یار میں میں نے
بنا ہے آشیان ہر دائرہ عنقائے مضمون کا

وہ دیوانہ ہوں جیسے شیر بچہ کو شیر مادر ہو
نہیں کم دہن مادر سے ہے کوزہ ہامون کا

پہ کی اس طفل لیلی وش نے غم شاید یہ حسرت میں
عوض پتھر کے مارا مجھکو ڈھیلا چشم مجنوں کا

گلستان جلکر پڑھتے ہیں لڑکے ہیں دیوانگو
لکھا ہو وصف جو اک شاخ گل کے رنگ گلگوں کا

چرا کر دلکو دزدیدہ نظر سے ساقی مہوش
کٹورا آپ ہی ٹوٹا ہر بنی چشم میگون کا

تصور جو ترے دانتوں کا آیا ہجر میں تن میں
نظر آیا ہر اک آنسو میں عالم دُرِّ مکنون کا

وہ دیوانہ ہوں یہ جس شجر پر پڑ گیا سایہ
ہوا اُسپر یقین اُس پر بید مجنوں کا

وہ منصف ہوں کبھی افسانہ لیلی جو لکھتا ہوں
قلق خامہ بنا لیتا ہوں شاخ بید مجنوں کا

پڑ گیا پرتو جو شب اُس انجمن افروز کا
شمع پر دھوکا ہوا خورشید عالم سوز کا

جلوۂ رخ دیکھکر اُس مہر عالم سوز کا
ماہتابان پر ہوا عالم چراغ روز کا

غزل ۲۷

[illegible]

غزل ۲۸

روزن قبر سے جھانکے جو وہ عیسیٰ آیا
چوم لین نشہ مین آج اکی نشیلی آنکھین
رخ سے اپنے جو نقاب اسنے اٹھایا تو کیا
وحشت مین رہے قیس سے لاکھون ہمراہ

مرگئے پر بھی ہمین دید کا آزار رہا
ہمین بیہوشی لذت مین بھی ہشیار رہا
پردہ شرم و حیا مانع دیدار رہا
سارے دیوانو نکا مین قافلہ سالار رہا

بے خطا کون دل آزار خفا تھا مجھسے
عمر بھر تو جو **قلق** زیست سے بیزار رہا

جائے خون ہر زخم سے فوارہ چھوٹا نور کا
عکس پڑ جائے اگر اس کے رخِ پرنور کا
کر گیا بیخود نظارہ ایک رشکِ حور کا
ہوش کھو دیتا ہی ہنسنا اس سراپا نور کا
دیکھکر بیہوش ہون جلوہ رخِ پرنور کا
جان دی ہی دیکھکر حسن اک سراپا نور کا
جب چلا دو گام وہ اک حشر برپا ہو گیا

خنجر قاتل نے کیا چاٹا ہی پتھر طور کا
شمع کا شعلہ وہین بجھ جائے شعلہ طور کا
کاجل آنکھو نمین نہ تھا کیا دود چراغ طور کا
ہی چمک دانتو نمین کہ جلوہ ہی برق طور کا
مٹی کے ڈھیلے کے بدلے سونگھین پتھر طور کا
ہو مرا صندوق بھی چوب نہال طور کا
شورش خلخال کو سمجھا مین نعرہ صور کا

۲۹ نظم عشق

ہو گیا شاید گذر اُس شانِ برق طور کا | وادی ایمن مین اُٹھتا ہو بگولہ نور کا

کچھ سیاہی بتلگ آتی ہو بل نے تیرگی | صبح کی آنکھو نمین ہو کاجل شبِ دیجور کا

چاہیے جھک جھک کے ملنا سب سے دیکھو سر کشو | ٹھوکرین کھانا نتیجہ ہو سرِ مغرور کا

جو کہ روشن دل ہین اُنمین عیب بھی ہوتا نہین | دیکھ لو دیکھا ہو کسنے چور شمع طور کا

دامنِ نظارہ خارِ خط سے اُلجھا ہے سنے دو | چاہیے اے رشک مہ وہ چہرہ پُر نور کا

تم ہوے آزردہ بوسے لیکے پچھتاتے ہین ہم | کیا لبِ شیرین کا بوسہ بھی ہو لڈو بور کا

عشق خط نے کردیا ہو ناتوان ایسا مجھے | قدِ خم گشتہ مرا حلقہ ہو چشمِ مور کا

دستِ نازک جھاڑ کی شاخون مین کنگنون مین چھیا ہیان | صاف قدِ یار فرشی جھاڑ ہو بلور کا

نور کے جھڑتے ہین مجھے آگ جب دیتا ہو وہ | کیا تنچے مین بھی ہو قائل کے پتھر طور کا

گرم رفتاری تری اے شعلہ رو ہو شعلہ خیز | نقشِ پا گویا کہ ہو فرشی کنول بلور کا

اور دو دن مئے مشعولی چکھیان کیجیے | ایک دن ہو جاؤگے لقمہ وہان گور کا

سچ مثل ہو روبرو جھوٹے کے سچا رو مرے | بات حق کہنے پہ کیا درجہ ہوا منصور کا

تالہ سنوان کرون بختِ ال عشق کے ساتھ | سقف گردون مین لگا دون جھاڑ مین بلور کا

لکھتا ہی وصف شعلۂ رخسار یار کا
جلے ورق ہو ہاتھ مین پتا چنار کا

بیمار عشق ہون لب و دندان یار کا
نسخے مین میرے چاہیے شربت انار کا

رشتے کی طرح سے در دندان کا تیرے زار
ساکن ہی کوچۂ گہر آبدار کا

آثار عشق خاک سے بھی اپنے ہین عیان
بیوجہ رنگ زرد نہین ہی غبار کا

ہر ذرہ اپنی خاک کا ہی چشم انتظار
یارب ادھر بھی ہو گذر اس شہسوار کا

ہم عاصیونکو بعد فنا بھی یہ خوف ہی
تختہ اُلٹ نہ جائے زمین مزار کا

کلیان تلک نہ نکلی تھین جب سے اسیر ہون
دیکھا مزا نہ کچھ چمن روزگار کا

چشمان یار کرنے لگین ہین دلونکو صید
ان آہوونکو شوق ہوا ہی شکار کا

وہ دل جلے ہین شعلۂ جوالہ بنگیا
اُٹھا جو گرد باد ہمارے غبار کا

یاد مژہ نے باغ دل داغدار مین
کھٹکا لگا دیا خلش نوک خار کا

کشتہ ہون ایک ترک کے تیر نگاہ کا
انداز مرغ دل مین ہی زخمی شکار کا

رخت سفید صوت پہنلے می ہی سُرخ
کیا رنگ پھوٹ نکلا ہی اندام یار کا

پھولونکی جا پیالہ ہو لبریز پھول سے
تنہا ہی میکشو قلق بادہ خوار کا

شہرہ ہو تم نہ خط مشکبار کا
توڑی سے بو ل ہو گئی نافہ تتار کا
نقصان خط سے کچھ نہوا حسن یار کا
اٹکا دیا ہی خار سے دامن بہار کا
پہنچا صبا سے اپنے غبار کو سے یار کا
دیکھو ذرا تو خود ہمارے غبار کا
پر نور ہو گئی ہی دم نظارہ چشم دل
تجلی بھر سواد ہی [illegible]
بھا مین وہ دہان سی زیب ہی [illegible] کا
آیا نظر سواد عدم سے دیار کا
پھر کو عوض گلاب کے می بادہ خوار دیر کا
بعد فنا اٹھا دو تختہ مزار کا
تو خاک ہو گئے ہین پہ ہی حسرت دو روی
ریگ روان ہی نام ہمارے غبار کا
پھر اگر گرد سے دل نالان کو آپ نے
پھول جائیگا بجا تاب ستار کا
دامان عرش تک بھی پہونچا ہی اسکو ننگ

غزل

[illegible]

[illegible]

ہوا کشتہ مین جب وہ مسکرائے دو ہنسی لیکر	بنی موج تبسم تیغا برق لن ترانی کا
رکھا جب تیرے دندان آپنے انگشت یسین کو	ہو شک مجکو سیپارے مین غنچہ کی نشانی کا
صفت لکھنا ہی کشاں قمر کے روبے تابانکی	سیاہی مین ہو ضم وہ دو چراغ آسمانی کا
نہ گویا ہو سکا طوطی خط سبز بھی ابتک	اسی منھ پر ہی دعوا آپکو معجز بیانی کا
جیسے عقد ثریا آسمان پر لوگ کہتے ہین	پُرانا دستہ ہی انکی قبائے آسمانی کا
آتی لکھنؤ مین کوڑیونکے مول ہین گلرو	شُنون شکوہ نہ جنس حسن جو بلکی گرانی کا
وہ ہم صیاد شیشہ مین تفنگ کلک فولادسے	شکار اب کھیلتے ہین وزمرغان معانی کا
عدم رکھتے ہی عشاق کے کٹتے ہین القابل	ترے کوچے مین کیا پھرتا کہو خنجر کے پانی کا
ستارونکا جو شک ہی آپکے ماتھے کی افشان پر	گمان نقطہ ہی وہ دو چراغ آسمانی کا
مرے قاتل کو طفلی مین بھی تھی شوق ستمگاری	معلم سے سبق پڑھتا تھا وہ شمشیر خانی کا
جھکاکر سر جو فکر سخن مین ڈوب جاتا ہون	گریبان تفکر ہی بھنور بحر معانی کا
کیا ہی شہرے کے تیغ نے قتل ایک عالم کو	ہوکھایا آج جوہر آسنے تیغ اصفہانی کا
دم تحریر کلکہائے مضامین خندہ کرتے ہین	صریر کلک کیا نالہ ہی مرغ بوستانی کا

۳۱ مخمس

[illegible]

اگر تو وہ ہو تو میں غنچہ کی سی صورت سے شگفتہ ہو
قلق دلدار نے اک شب نہ پہلو میں سلا رکھا
سایہ آیا مرے ساتھ عمر اور وہ نہ ہمراہ آیا
بندہ اس عالم اسباب میں آزاد آیا
مجھکو لیسا نہ کوئی بت پیدا آیا
عیش باہم اگر آیا تو خدا داد آیا
دور آخر میں نہ جام دیا ساقی
بالسے صدرش کہ اب بھی میں نہ یاد آیا
غنچہ لبوں نے کسکیے وام ہی نے خرام
آن کی سی چال سے گلزار میں صبا و آیا
جلوہ درگاہ میں ہنگامہ ہے دیوانوں کا
پہم کی منت کی اٹھا نے وہ پریزاد آیا
صید خالف وہ ہوں اس صید گہ عالم میں
اپنے سلسلے کو سمجھتا ہوں کہ صیاد آیا
عمر بھر کے جو بیاں شادی کو کیا
ہم کو اسوقت وہ ناشاد بہت یاد آیا
وہ دنیا ہے رہائی کا ہمیں کر دیا

میں دیکھونگا کسیکو مصحف رخ کی قسم کھا کر نہیں مرتا ہے ہرگز جو میں ہیں کڑے جتنے گلوئے دشمنی میں کار روغن کرتی ہے شبنم	نکالا اب منہ سے اوکا فرشتہ کلمہ بدگمانی کا لب خنجر سے کب شکوہ سنا تشنہ دہانی کا ہر اک چھوا لا پنی نظر و میں کنول ہے تیل پانی کا

لگاتا ہوں ریاض نظم میں نخل گل مضمون
قلق میں باغبان ہوں گلشن رنگین بیانی کا

مجھے ناشاد چرخ کینہ پرور نے ستا رکھا لگاوٹ سے طرح کرتی ہے کچھ پھر تیغ قاتل کی غنیمت جانتے تھے دور ہی سے دیکھنا اسکا نہ سمجھیں حسرت دل کی یہی منہ دیکھے کی الفت تمنا دیکھنا جا شب دو لاکھوں میں بکھٹ دوڑے تو وہ گل ہے کہ سنکر تیری آمد عندلیبوں نے اڑا کر لے گیا دل طائر رنگ حنا میرا غرض تھی کب سے میرے خط کو میں کا پائین	اسی غم نے میرے سو در سے مجکو جدا رکھا مگر زخم جگر کو کیا کوئی تسمہ لگا رکھا سو یہ بھی تو نے او چرخ ستمگر نا روا رکھا قبیل آئینہ بس ہمکو صورت آشنا رکھا جو قاتل نے کبھی قبضے پہ ہاتھ اپنا ذرا رکھا چمن میں فرش پا انداز پھولوں کا بچھا رکھا بہشت بتاں میں تجھے پہ اوزو حنا رکھا خدا نے اسلیے تو بہ کا دروازہ کھلا رکھا

دل ہی دم میں وہ لے کے اڑا صبا آیا
سیر غنچہ مجھ سے نہ شگفتہ ہوا جلاد آیا
لب جو آنکھ میں بن کے صورت سے نظر آیا
اب میں آتی ہے جو بھی عاشق کے بیمار آیا
میں ان جب مر کے بھی تماشا ہے خاک آیا
اس چمن فردوس سے بہ کبھی بہ صورت مطلب
عیش دنیا سے اس کے حضرت انسان ایسا وہ آیا
حیف دیکھے نہ ہوں طلب جان سے آیا
بسبب ہجر اور وصال بہ تمنا رہا
ہے سے خوشی جہاں میں بھی بعد موت
یہ ترک بھی بنا ہی مل لے لے آیا
خیر جاں سے ہوا اپنے بہتر ملا
سنی

[illegible]

سرخ رو ہو گئی ثابت قدمی اُس کی قلق
پاؤں تک بہہ کے جو خوں سرِ فرہاد آیا

مہندی مل کر وہ اُٹھا رنگِ ستم ایجاد آیا
خوں بہا ہاتھ میں لیتا ہوا جلاد آیا

دم میں عاشق کے وہ شوخِ ستم ایجاد آیا
دام میں صید گرفتار کے صیاد آیا

باغباں آیا گلستاں میں کہ صیاد آیا
جو کوئی آیا مری جان کو جلاد آیا

وائے قسمت ہوا صدقے میں بھی چھٹنا نہ نصیب
رو رو بازار میں لے کر ہمیں صیاد آیا

ذبح کرتے تو کیا پر مری بے جرمی پہ
آٹھ آٹھ آنسوؤں روتا ہوا جلاد آیا

بعدِ مرگ آئی لبِ گورِ فریدوں سے صدا
چین اب اہنِ ملوک کا ہمیں یاد آیا

گلشنِ دہر میں وہ مرغِ ستمدیدہ ہوں
اُڑ گئی نیند اگر خواب میں صیاد آیا

آگے رکھ دیتے تلوار پہ جانبازوں نے
امتحاناً جو کسی روز وہ جلاد آیا

سختِ جانی کا مری جان جو قاتل نے سنا
دل کڑا کر کے بہت خنجرِ فولاد آیا

ہم گئے جانتے ہیں تم جو خود آرائی ہو
خنجر آیا ہو کہ آئینۂ فولاد آیا

تھا جو قسمت میں لکھا ہو گا ہمیں جنوں
تو لڑکپن میں بھی تعلیم کو جلاد آیا

ردیف ب

[illegible]

ایک عالم مین جھلکے سایہ مجنبر ہونے لگا
دیکھتے کرتے ہین سب عاشق زلف جرم رخ کو
دیکھ کر خم رسل کو میرے رضوان نے کہا
عطر صندل کا جو سونگھا درد سر ہونے لگا
تماشا کی بہار رنگ نازک دماغی ختم ہے
ابتو جو نکلا آپ کا آنکھون پر ہونے لگا
عکس کی مین ایک دو نازنین اٹھا سکتی ہین
ناخن بچہ زخم جگر ہونے لگا
خندۂ دندان نما سے عشق مین اپنا دہان
نونہال تیغ قاتل بار ور ہونے لگا
[illegible]

یہ مرے تجھ عاشق نظر ہونے لگا
قرب مین بیدا طرح سلامت آ ہی لگا
اب وہ دو ہو گئے صحبت نامہ بر ہونے لگا
ابر سے افسون محبت کا ہونے لگا
ایک دن سے جھانکتا مین ہونے لگا

حسد کی جا نہین یہ اپنی اپنی قسمت ہے	کسی پہ لطف کوئی مورد عتاب ہا
شب فراق بس اک پل جھپک گئی جو آنکھ	تمام عمر مجھے انفعال خواب ہا
فراق یار مین سیلاب جوش گریہ سے	بسان مردم آبی میان آب ہا
کسیکی آتش فرقت مین یہ بھی جلتا ہے	کبھی نہ تانے پہ آرام سے کباب ہا
ریاض دہر مین وہ خفتہ بخت ہین کہ سدا	ہمارے باغ کا سبزہ بھی مست خواب ہا
سمجھ کے وادی الفت مین رکھ قدم اے دل	یہ راہ وہ ہے جہان خضر بھی خراب ہا
لگا یا ساغر مے بھی نہ منھ سے اے ساقی	امیدوار شرف کا یہ آفتاب ہا

نجف کو اُڑ کے چلا اے قلق غبار اپنا
یہ خاک اُڑنے پہ بھی عشق بوتراب ہا

صلح ٹھہری فیصلہ با کید گر ہونے لگا	غل ادھر ہوتے لگا شکوہ اُدھر ہونے لگا
دم کی آمد شد نے قوت تیغ یہ دکھلا دیا	طائر جان پر گمان نامہ بر ہونے لگا
دست وحشت سے ہمارا ٹکڑے ہر تار جیب	صوف مرہم بہر ناسور جگر ہونے لگا
مین فقیر دشت پیما بادشاہ وقت ہون	مجھ سے سر کو جب تری جنبش جنون ہونے لگا

مخمس ۳۶۳

[illegible]

[illegible]

ای قلق مین ہون وہ نازک دل کہ نور ماہ سے
جب کتان پرنے اُڑا ٹکڑے جگر ہونے لگا

قسمت سے مل گیا مجھے ساغر شراب کا
اُس مست کے ہاتھ مین نہین ساغر شراب کا

ہر سال قبر پیر مغان پر چڑھاتے ہین
انصاف پر چھے آپس ترون تو باغبان

رووایے وصل کہ نہین سکتے ہین شرم سے
صورت گرو جو کھینچو مجھے ہیر کی شبیہ

سیخ مژہ پہ دیکھے لختت جگر مرا
مجھ رند بادہ خوار پہ سایہ پڑا ہی

دامن جنون سے اس صحرا ہی چاک چاک
بیجا نہین ہی گریہ شبنم دم سحر

پیر مغان کے عرس مین یون آئین اہل زہد

چھپنا ہی نجم بخت نے برج آفتاب کا
مہتاب سے مقابلہ ہی آفتاب کا

شیشہ شراب ناب کا دونا کباب کا
وے قبر عندلیب مین تختہ گلاب کا

عالم ہی نیا خواب مین لوگو کے خواب کا
تصویر پر لگاؤ روغن شباب کا

کیا کیا جلا بھُنا ہی کلیجا کباب کا
صدقے مین میرے پیجو پیالا شراب کا

دھوکا عبث ہی خضر کو موج شراب کا
لبریز ہو چکا ہی پیالا گلاب کا

گاگر کے بدلے سر پہ سبو ہو شراب کا

غزل ۳۵

گلچین نہال آرزوے عندلیب ہین
دست نگاہ شوق کو پاس ادب رہا
چلتی ہی تیر مقتل عشاق مین بہت

بیہودہ تجکو چاہیے دینا گلاب کا
پردہ کیا نہ فاش تمھارے نقاب کا
دم خرچ ہو چلے یار کی تیغ خوش آب کا

اب ہی قلق وہ جوش وہ بدمستیان کہان
پیری اُتار دیتی ہے نشہ شباب کا

گلو پر صاف ہو کا ہو گیا انگیں کٹورے کا
برابر ایک مصرع نظر آتے ہین ابرو کے
بہت غم کھاتے کھاتے اک نہ اک دن جان جائیگی
ہوا ہے ہمکو اک مطرب پسر کی نوک کا سودا
خفا ہو گالیان دو چاہو آنے دو نہ آنے دو
اگر تم بوسہ سیب ذقن سے ہو گئے قاتل
کوئی شیداے عارض ہے کوئی زلفون کا دیوانہ
کہین اچھی اگر صورت دیکھ لون دیدہ نظر و فسے

رگ گل مین جو عالم تمھاری انگیا کی ڈوریکا
تو اوروں کیسے پایا ہے اک ہی مضمون چوریکا
ضرر رکھتا ہے اے دلبر تجھے سیر خوری کا
ہمارا شور وحشت بھی اک ٹپا ہے شوریکا
یہین دیتے ہو توہ سوتے ہین مجھے لپکا ہے چوریکا
لگی پر … کے چاقو میوہ خوریکا
کسی کو عشق کالی کا کوئی عاشق ہے گوریکا
مری آنکھوں کو چوروں کی طرح لپکا ہے چوریکا

نہ بیہوش اپنے ماتم میں وہ شوخِ سیمتن ہوگا
منجم کہتے ہیں اس چاند میں سورج گہن ہوگا

پئے صید افگنی عازم جو وہ ناوک فگن ہوگا
تو آہوے سپہر و مہ کا بھی نشانہ ہرن ہوگا

اگر وہ شعلہ رو رونق فزائے انجمن ہوگا
ترا پروانہ پھر کوئی نہ اے شمع لگن ہوگا

لبوں پر دم ہے مشتاقوں نے کیا تو منہ چھپاتا ہے
نہ اک بوسہ سے بوسیدہ ترا سیب ذقن ہوگا

نکل جاؤنگا گر سودائے گیسو میں سوے صحرا
تو ہر اک جادۂ رہ مثل افعی راہزن ہوگا

تری الفت میں ہم نے کیسے کیسے کوہِ غم کاٹے
کوئی شیریں نہ تجھسی اور نہ ہمسا کوہکن ہوگا

وہ لاغر عشق میں ہیں امتحان جینا گر لیجے
کہ مور ناتواں پر چھپ کے میرا پیرہن ہوگا

ثبات اپنا ہو تو ہنسیے کسیکی بے ثباتی پر
چمن میں گریۂ شبنم پہ گل کیا خندہ زن ہوگا

پڑیگا عکسِ نورِ رخ جو تیرا اسکے بازو پر
ہر رنگِ سبعۂ سیارہ تابان نورتن ہوگا

نسیم آسا ہوا سے ابنِ شمشیرِ قاتل ہر
شگفتہ صورتِ گل اپنا ہر زخم بدن ہوگا

بہارِ حسن چھا جائیگی نظارے سے عاشق کے
سوادِ چشم سنبل خال رخسار چمن ہوگا

ہے یوسف کی نظر سے جب بعد قتل دیکھے گا
تو اپنا دامن نظارہ قاتل کا کفن ہوگا

ہے گلگشت جائیگا اگر وہ غیرتِ گلشن
غبارِ راہ رنگین غازۂ روئے چمن ہوگا

آرزو ہو گی نہ دنیا میں کبھی پوری کبھی
ابر سا پن سے کہ نالوں کا اثر کیا ہوگا
دشمنی کی بھی امید نہ رکھ دوست سے تو
برق انداز ہیں بھلا ابر بہار ... کیا ہوگا
[illegible]
[illegible]
دل نہیں ہم کو عشق میں ... کیا ہوگا
موز شرمندۂ احسان ... کب ہوگا
دل فرقت زدہ ٹکڑوں سے بہلتا ہی کوئی ہوگا
غم غلط اشکوں سے کر دیدۂ تر کیا ہوگا
سبز بھی کوئی نہ تھا باغ میں کچھ تجھ سے صفت
بعد غربت ... صاحب زر کیا ہوگا
جب چلی تیغ خزاں باغ میں سرسبزی نہیں
گل کا داغ ... اس سیر کیا ہوگا
ایک دیتا ہے تو دس عیب ... ہوگا
اہل جنت کا ... کب ہوگا
وہ ہیں گور کو ... دیتا ہے جہنم الغرض

کفر و اسلام کے جھگڑوں سے چھڑایا صد شکر
قید مذہب سے جنون نے مجھے آزاد کیا

محفل غیر میں بلوا کے جلایا ہم کو
تم نے خلوت میں کسی دن نہ ہمیں یاد کیا

جس میں مضمون ہو تم تمہاری خوش چشمی کا
تو اسی شعر پہ استاد نے بھی صاد کیا

کوہ غم ہم نے بھی او غیرت شیریں کاٹا
جوش الفت میں تجھے پیشۂ فرہاد کیا

ایک دن بھی نہ ہمارا کوئی کہنا مانا
ہم بجا لائے جو کچھ آپ نے ارشاد کیا

تیرے دیوانوں کا کس دشت میں مسکن نہ ہوا
کونسا ہے وہ خرابہ جو نہ آباد کیا

حسرت قتل ہی نے جان دی اپنی صد شکر
موت نے ہم کو نہ شرمندۂ جلاد کیا

دیکھو اس عشق فسوں ساز کے نیرنگ آخر
جان لی قیس کی کٹے سر فرہاد کیا

لاکھ چاہا مگر اک شوخ ہمارا نہ ہوا
کیا جوانی کو قلق مفت میں برباد کیا

ردیف ی

ہجر میں رونے سے جو دیدۂ تر کیا ہوگا
ایسے چھینٹوں سے فرو سوز جگر کیا ہوگا

یار اغیار جو وہاں ہو کے گذر کیا ہوگا
ولے اس خانہ برانداز کے گھر کیا ہوگا

خرمن ہستی عاشق کو نہ کر خاک سیاہ
اس میں حاصل تجھے اے برق نظر کیا ہوگا

[illegible]

۳۹

بڑھکے دانتوں نے ترے ہر گلِ تر کیا ہوگا	موتیا باغ میں ہمرنگ گہر کیا ہوگا
مُہرِ عرفان سے نہ لبریز ہو ممکن ہی نہیں	کفِ نرگس میں تہی ساغر زر کیا ہوگا
صورتِ افعی گنجینہ نہ بن حافظ مال	اپنے ہی کام نہ آیا تو وہ زر کیا ہوگا
مست ہے اُلفتِ ساقی میں جو دل خوف نہیں	کشتیِ مے کو یمِ غم سے خطر کیا ہوگا
حاصلِ زیست یہی ہے کہ تری اُلفت ہو	دلِ بے حسرت و بے داغ جگر کیا ہوگا
اُلفتِ رنگ طلائی نے کیا مستغنی	محوِ دیدارِ ترا طامعِ زر کیا ہوگا
آ نہ وہ ہوگا تری تیغ نگہ سے دلِ صاف	قائلِ معجزۂ شقِ قمر کیا ہوگا
پیرو نفس نہ ہو تو ہو اگر سالکِ شوق	راہزن خضرِ رہِ دشت سفر کیا ہوگا
عاشقانہ جو ہوں اشعار تو دل پر لگے چوٹ	درد نالوں میں نہ ہوگا تو اثر کیا ہوگا
افعیِ زلف کا ہوگا دلِ پرداغ میں دھیان	بے نگہبان درِ گنجینۂ زر کیا ہوگا
تیغِ غم نشۂ صہبا سے کوئی رکتی ہے	ساغرِ بادۂ گلرنگ سپر کیا ہوگا
یہ وہ آہیں ہیں جگر دونوں کے لگے آگے	نالۂ بلبلِ شیدا میں اثر کیا ہوگا
اور اک وزد کفن کا لیا کھٹکا ہمراہ	منزلِ گور میں بے خطر سفر کیا ہوگا

[illegible]

عمر بطرز شست بلا میں افعی و خمی کی طرح صدمۂ باد خزان غم سے دل لالان ہا جب سنا یاد درد عشق دختر نے ساقیا	گیسوئے خمدار کے سودے میں سر پٹکا کیا یہ وہ غنچہ ہی لبے موسم سدا چٹکا کیا لیپ لپیر بادہ گلگوں کی چھینٹ کا کیا

شاہ اختر کا یہ مصرع نقش ہو دل پر قلق
ناک کا نتھا ہماری آنکھ میں کھٹکا کیا

صاف لکھ بھیجا جواب اُسنے مری تحریر کا ای منجم وصل ہوگا کسدن اُس مہ پارہ سے جسکو دیکھو دریکف گلزار مین آتا ہی وہ کٹ گئی عمر اُس پری کی عشق ابرو مین تمام زیب ہی کہیے وہم رنگین کلام یار اگر ای نو نے مجھ وحشی لاغر کے یہ گھستی نہین بے لیاقت مدعی پہونچا سکیگا کب حضور ہیری سوائی اگر سبدن محشر مین ہوئی	تو لفافہ کھل گیا سارا خط تقدیر کا آئیگا روز شرف کب کب تقدیر کا آنکھ کے ہاتھ آیا ہی کیا نسخہ کوئی اکسیر کا نحج عقرب مین ہی کیا کو کب ہی تقدیر کا آشیان کنج دہن ہی طائر تقدیر کا مور چہ کھاتا ہی خرمن دانۂ زنجیر کا کارگر کیا نیش ہوگا عقرب تصویر کا فائدہ کیا اسمین ہوگا کاتب تقدیر کا

[illegible]

مخمس بہم

[illegible]

[illegible]

کسکو الفت ناوک مژگان جانا ہی نہین
کونسا دل ہی نشانہ جو نہین اس تیر کا

اُسکے قابو مین دلِ عالم ہی مین حیران ہون
یہ خطِ عارض بھی ہی کوئی اعمل تسخیر کا

خانۂ دل تیری صنعت ہی نکر اسکو خراب
نام ہی تعمیر سے ہر صاحبِ تعمیر کا

کشتہ اُس رنگ طلائی کا ہون جانکر
کام لیتے ہین ہماری خاک سے اکسیر کا

اہلِ محفل کی زبانگیری کا ہی انجام بد
دیکھو دنیا ہی مین مُنھ کالا ہوا گلگیر کا

ای قلق کس طرح راہ عقدۂ اُلفت ہی سخت
پاؤن یان بجتے نہ دیکھا ناخنِ تدبیر کا

لکھا مضمون جو اس شک چمن کے روشن کا
دل صفحچاک فقط ہی خطِ رخسار روشن کا
